# عورت کا اپنے شوہر کے کہنے پر آئی برو بنوانا کیسا؟

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا عورت اپنے شوہر کے کہنے پر آئی برو بنوا سکتی ہے؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

نہیں بنوا سکتی۔ اگر شوہر کہے تو اس کی بات نہیں مانی جائے گی کہ ناجائز کام میں مخلوق کی اطاعت جائز نہیں ہے۔

صحیح بخاری شریف کی حدیثِ مبارک ہے: "عن علی رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم قال لا طاعة فی معصیة اللہ، انما الطاعة فی المعروف" یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ عزوجل کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں، بلکہ مخلوق کی اطاعت تو فقط بھلائی کے کاموں میں ہی جائز ہے۔ (صحیح البخاری، جلد 2، صفحہ 1077-1078، مطبوعہ کراچی)

صدر الشریعہ بدر الطریقہ حضرتِ علامہ مولانا مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ الرحمہ ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں: "جس کو شرع مطہر نے ناجائز قرار دیا ہے، اس میں اطاعت نہیں کہ یہ حقِ شرع ہے اور کسی کی اطاعت میں احکامِ شرع کی نافرمانی نہیں کی جا سکتی کہ معصیت میں کسی کی طاعت نہیں ہے۔ حدیث میں ہے: "لا طاعة للمخلوق فی معصیة الخالق" (فتاویٰ امجدیہ، جلد 4، صفحہ 198، مکتبہ رضویہ کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-2265

**تاریخ اجراء:** 02 ذوالقعدۃ الحرام 1446ھ/30 اپریل 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net